Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ماہ ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۲ ماہ فروری ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

علحدگی

۳۱ ماہ جنوری ۱۹۱۷ء

حسب درخواست مسمیان عبد الحلیم و عبد الحکیم پسران حافظ عبد الرحیم ساکنہ کوچہ لالہ میاں، حافظ محی الدین مختار عامی سے علحدہ کیے گئے۔

اجازت

۳۱ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

اشفاق حسین مدرس موقوف شدہ کو بجز صیغہ تعلیم کے دوسرے صیغوں میں ملازمت کی اجازت عطا فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

صاحبزادہ سید محمود علیخاں بہادر منیجر اسٹیٹ فیکٹریز کو مبلغ تین سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔ مبلغ پچاس روپیہ ماہوار سالگرہ کے زمانہ میں ترقی ہوئی۔ اور چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ ہو گئی۔ اب مبلغ سو روپیہ ماہوار من ابتدائے ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء انکی تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے آئندہ مجموعی تنخواہ انکو پانسو روپیہ ماہوار ملا کرے گی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اضافہ تنخواہ مبلغ سو روپیہ ماہوار مصرحہ صدر حسب ضابطہ جاری ہوں فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

ثبت عرضداشت اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر مشمولہ یادداشت استصوابی عدالت فوجداری ضلع دربارہ نفاذ دفعہ ۳۲ قانون پولیس ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۶۱ء۔

استدعا منظوری۔ دفعہ ۳۲ ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۶۱ء کا اجرا حدود میونسپلٹی شہر رامپور سے متعلق کیا جاتا ہے۔ کاغذ بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

مستقلی

۸ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نصیر احمد خاں نائب انسپکٹر مستقل کیے گئے

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

چودھری سوہن لال ممبر کمیٹی سود کا انتقال ہو گیا۔ مسمی شب چرنداس پسر متبنّٰے چودھری بلدیوداس و سوہن لال ولد چودھری سوہن لال و لالہ رام سروپ برادر سوہن لال اُمیدواران کی درخواستیں ہوا جو شب چرنداس لالہ رام سروپ پیش ہوئیں۔ سوہن لال حاضر نہیں ہوئے معلوم ہوا کہ شب چرنداس ولد جانکی داس سالگرام و ڈپٹی پرشاد ممبران کمیٹی باہم رشتہ دار ہیں۔ اور نیز لالہ رام سروپ سے ان ممبران کی رشتہ داری ہے۔ سوہن لال کی عمر سال کی ہے لہذا ان ہر دو اُمیدواران کا تقرر کمیٹی سود پر نامناسب ہے چودھری شب چرنداس پسر متبنّٰی چودھری بلدیوداس اُمیدوار کا تقرر کمیٹی سود پر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے فروری لغایت فروری سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار	۷ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۸ ار	۷ ار	
نخود خالص	۹۰ ار	۹ ار	۸۰ ار	۹۰ ار	۱۰ ار	۰	
نخود کستہ آمیز	۱۰ ار	۹۰ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰۰ ار	۱۰ ار	
کستہ	۱۱ ار	۰	۰	۰	۱۱ ار	۱۰۰ ار	
ماش	۸ ار	۸ ار	۷۰ ار	۸ ار	۷۰ ار	۸ ار	
مونگ	۹۰ ار	۰	۸ ار	۰	۷۰ ار	۹۰ ار	
مکا	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	
جئی	۱۳ ار	۰	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۱ ار	۱۲ ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۵ ار	۰	
ارہر	۱۱ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	۰	
برنج	۷ ار	۷۰۷۰۸ ار	۸ ار	۸ ار	۷۰ ار	۸ ار	
روغن زرد	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	
روغن سیاہ	۲۰ ار	۲۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲۰ ار	
روغن کنجد	۱۰ ار	۲ ار	۲ ار	۱۰ ار	۱ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۵ ار	۶ ار	۸ ار	۸ ار	۹ ار	۹ ار	
قند سیاہ	۵۰ ار	۰	۶ ار	۹۰ ار	۵ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	